قرآن مجید اعتبار کی نظر میں، پھر اسلام اور نظریہ پاکستان اور نظریہ توارث ۔ سوا دو سو صفحات کے کوزے میں مباحث کا اتنا سمندر اندیل دینا تحیر انگیز ہے ۔

—— (ایک مدت سے جمع ہونے والے پمفلٹوں وغیرہ کا اجمالی تذکرہ) ——

الحمد | جیبی سائز میں مظفر وارثی کے دلکش حمدیہ کلام کا انتخاب ۔ ناشر: فاروق کمپوسٹ فرٹیلائزر کارپوریشن لمیٹڈ ۔ نیو کراچی ۔

ایمان کے تقاضے | از عبد المجید بلوچ، کوٹلہ لودھیاں، ڈیرہ اسماعیل خاں ۔ ۸ صفحات قیمت درج نہیں ۔

ادارۂ خیر و فلاح کی پمفلٹ | چند دردمند نوجوانوں نے یہ ادارہ افکار اسلامی کی اشاعت کے لیے بنایا ہے اور بلا تعصب ہر دائرہ کے لکھنے والوں کی تعمیری تحریریں پمفلٹوں میں شائع کر رہے ہیں ۔ اس وقت چھ پمفلٹ سامنے ہیں ۔ (۱) ایمان اور اطاعت (۲) فریضۂ بندگی (۳) الصلوٰۃ ۔ (۴) روزہ ۔ (۵) مسلمانوں کا زوال کیوں؟ ۔ (۶) یہ شہادت گہ الفت میں قدم رکھنا ہے ۔ مفت تقسیم ۔ پتہ: بلاک نمبر ۱۳ ۔ فیڈرل بی ایریا کراچی ۔

اسیلائے دین لائبریری سیالکوٹ کے پمفلٹ | یہ ادارہ بھی تبلیغی اغراض سے پمفلٹ شائع کرتا ہے ۔ موصولہ پمفلٹ: (۱) عظمتِ مصطفےٰ ۔ (۲) یوم آزادی کا تحفہ ۔ (۳) دردمندانہ گذارش ۔ (۴) اسلامِ خالص کیا ہے؟ ۔ (۵) شریعت اسلامیہ پاکستان میں ۔ (۶) نماز اور روزہ ۔ مسجد ضلع کچہری سیالکوٹ کا پتہ استعمال کریں (مفت تقسیم)

غازی عبد الصمد سراج الدین کے پمفلٹ | پتہ: رحمٰن بلڈنگ، سولجر بازار کراچی ۳ موصولہ پمفلٹ: (۱) ہمارا نصب العین غلبۂ اسلام ۔ (۲) اسلام کا سپاہیانہ نظام ۔ (۳) علامہ المشرقی اور خاکسار تحریک ۔ خاکساری طرزِ فکر اور خاکساری اسلوب بیان ۔

اسلامی مشن کے پمفلٹ | اسلامی مشن سنت نگر لاہور کے موصولہ پمفلٹ حسب ذیل ہیں (۱) بے مثل نبیؐ